بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

پریس نوٹ نمبر: 23 مورخہ: 19.9.2026

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے بورڈ ہذا کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ امتحان 2026ء کا آغاز مورخہ 03-11-2026 سے ہوگا۔ جس کے لیے آن لائن داخلہ فارمز/ Exam Lists بطور ریگولر کی ہارڈ کاپی مع جمع شدہ فیس بذریعہ On-Line بینک چالان دفتر ہذا واقع 49 ٹیل سرگودھا میں وصول ہونے کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

نمبر شمار	شیڈول			
1	بغیر لیٹ فیس داخلہ فارم وفیس وصول کرنے کی تواریخ	24-09-2026	تا	06-10-2026
2	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وفیس وصول کرنے کی تواریخ	07-10-2026	تا	13-10-2026
3	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وفیس وصول کرنے کی تواریخ	14-10-2026	تا	17-10-2026
4	تین گنا فیس + -/500 روپے یومیہ	18-10-2026	تا	23-10-2026

شرح امتحانی فیس انٹر میڈیٹ امتحان

کیٹیگری	پارٹ-I (جماعت گیارہویں)		پارٹ-II (جماعت بارہویں)		کمپوزٹ	
	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ
1۔ آرٹس گروپ (اگر عملی امتحان نہیں) مع ڈویلپمنٹ فنڈ + سکالرشپ فیس وغیرہ	سنگل فیس -/2830 روپے	-/2880 روپے	سنگل فیس -/2830 روپے	-/2880 روپے	سنگل فیس -/3830 روپے	-/3930 روپے
2۔ سائنس گروپ یا دیگر گروپ جن میں عملی امتحان ہو مع ڈویلپمنٹ فنڈ + سکالرشپ فیس وغیرہ	سنگل فیس -/2880 روپے	-/2930 روپے	سنگل فیس -/2880 روپے	-/2930 روپے	سنگل فیس -/3930 روپے	-/4030 روپے

- دونوں پارٹس کا امتحان دینے والے امیدواران دونوں پارٹس کی مکمل فیس ادا کریں گے۔
- درج بالا شرح سے امتحانی فیس کے علاوہ ہر امیدوار پروسیسنگ فیس + سکالرشپ فیس + ڈویلپمنٹ فیس + سپورٹس فیس ادا کرے گا۔
  علوم السنہ شرقیہ امتحانات ادیب/عالم/فاضل -/1200 روپے + پروسیسنگ فیس 1000 + ڈویلپمنٹ فنڈ 350+ سکالرشپ فیس 180+ سپورٹس فیس 300 = 3030
  + سند فیس 1000=4030
- بطور ریگولر/پرائیویٹ امیدوار پہلی دفعہ شمولیت کی صورت میں پارٹ-II/ کمپوزٹ اور مارکس امپروو میں شرکت کرنے والے امیدواران داخلہ فیس کے ہمراہ مبلغ -/1000 روپے سرٹیفکیٹ/سند فیس بھی جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

علاوہ ازیں پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کرنے والے جملہ پرائیویٹ (انٹرمیڈیٹ پارٹ 1 یا کمپوزٹ/علوم السنہ شرقیہ وغیرہ) امیدواران کو مبلغ -/3330 روپے رجسٹریشن فیس بھی جمع کروانا ہوگی۔

نوٹ! ریگولر ادارہ جات کے یوزر سے اور پرائیویٹ طلباء وطالبات کے داخلہ فارمز کے ساتھ ڈاؤن لوڈ شدہ چالان کے ذریعے فیس قابل قبول ہوگی جو کہ UBL کی کسی بھی برانچ میں یا UBL AAP سے جمع کروائی جاسکتی ہے جبکہ اس کے علاوہ کسی بھی ذرائع سے (1-لنک، جاز کیش، ایزی پیسہ، یو پیسہ یا دیگر کسی بھی طریقہ کے تحت) فیس ناقابل قبول ہوگی

ہدایات/شرائط:۔

(i تین گنا فیس +500 روپے یومیہ جرمانے کے ساتھ داخلہ جمع کروانے والے طلباء کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق ضلعی ہیڈکوارٹر پر ہوگا اور طالبات کا امتحانی مرکز تحصیل ہیڈکوارٹر ہوگا۔

(ii امپرومنٹ کیٹگری کیلئے PBCC نوٹیفیکیشن نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2024/8/6 مورخہ 16-09-2024 کے تحت پاس امیدواران اگلی ڈگری کرنے سے پہلے 4 سال کے اندر اندر 4 چانس کے تحت مارکس ایمپرو کر سکتے ہیں

(iii پرائیویٹ اُمیدوار رجسٹری کی صورت میں ایک لفافہ میں صرف ایک داخلہ فارم ارسال کریں۔ بصورت دیگر داخلہ فارم مسترد تصور ہوگا۔

(iv آن لائن داخلہ فارمز/ Exam Lists + آن لائن فیس چالان مقررہ تاریخ تک بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisesargodha.edu.pk پر مطلوبہ معلومات FEED (On-Line) کرنے پر ڈاون لوڈ کیے جاسکتے ہے۔ داخلہ فیس بورڈ کی منظور شدہ یونائیٹڈ بنک لمیٹڈ کی برانچوں میں On-Line بینک چالان پر جمع کروانا ہوگی۔ مینول داخلہ فارم + مینول فیس چالان ہرگز قابل قبول نہ ہوگا۔

(v پرائیویٹ طلبہ/طالبات اپنے داخلہ فارمز جبکہ ریگولر ادارہ جات امتحانی لسٹ اصل چالان مع بینک ڈیپازٹ سلپ (ہارڈ کاپی) مقررہ شیڈول کے اندر اندر بورڈ آفس ارسال کریں۔ بصورت دیگر رول نمبر سلپ جاری نہ ہوگی۔ جس کی تمام تر ذمہ داری پرائیویٹ کی صورت میں اُمیدوار پر جبکہ ریگولر کی صورت میں متعلقہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

(vi) کسی ایک مضمون (پارٹ-II,I) میں شرکت کی صورت میں متعلقہ پ گروپ (پارٹ) کی پوری فیس واجب الادا ہوگی۔

(vii) حکومت کی طرف سے شرح فیس میں اضافہ کی صورت میں متعلقہ اداروں/امیدواران کو بقایاجات جمع کروانا ہوں گے۔

(viii) نامکمل/غیر مصدقہ فارم بھیجنے کی صورت میں رول نمبر قطعاً جاری نہیں کیا جائے گا۔ نیز قطع بریدوالے داخلہ فارم Exam Lists قابل قبول نہ ہوں گے طلبہ وطالبات کے کوائف آن لائن DATA کے مطابق حتمی تصور ہوں گے اور آن لائن DATA کے مطابق ہی رول نمبر سلپ جاری کی جائے گی۔

SOPs برائے آن لائن ایڈمیشن Application سسٹم برائے ریگولرامیدواران میٹرک وانٹر پارٹ (I / II)

بورڈ آفس نوٹیفکیشن نمبر I-550-ACE مورخہ 28-11-2024 کے تحت آن لائن ایڈمشن Application سسٹم کا طریقہ کار برائے ریگولرامیدوارن / ملحقہ ادارہ جات کے لئے) حسب ذیل ہوگا۔

سربراہان ادارہ جات کو واضع ہو کہ انٹر پارٹ I پارٹ II ریگولر طلبہ کے امتحانی داخلہ فارم پرنٹ نہیں ہوں گے۔

1 ادارہ جات فائنل ایڈمیشن لسٹ پرنٹ کرنے سے پہلے ہر Batch کا چالان پرنٹ کریں گے اور بنک میں فیس جمع کروائیں گے۔ فیس جمع ہونے کے بعد سسٹم سے Final Batch Admission List کا پرنٹ نکلے گا۔ فیس جمع ہونے کے بعد داخلہ لسٹ کے ریکارڈ میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جاسکے گی۔ (فیس جمع ہونے کے بعد بھی اگر ادارے کو امیدوار کے ریکارڈ میں کوئی تبدیلی کروانی ہوگی تو وہ امتحانی برانچ سے رابطہ کرے گا)

2 داخلہ لسٹیں اور چالان 50,50 کے Batch میں پرنٹ ہوں گے۔

3 Batch بننے کے بعد داخلہ لسٹ فائنل ہونے کے بعد اگر امیدوار کو داخلہ لسٹ سے Delete کرنا مقصود ہوگا تو ریکارڈ Delete فیس مبلغ -/1000 روپے فی امیدوار بنک چالان جمع کروانے کے بعد کیا جائے گا۔ ایسے امیدواران جو فائنل داخلہ لسٹ میں نہیں ہیں اور بعد میں ادارہ ان امیدواران کا داخلہ بھجوانے کا فیصلہ کرتا ہے تو ان کی الگ داخلہ لسٹ بنائی جائے گی جس طرح پہلے امیدوار انکی داخلہ لسٹ بنائی گئی تھی۔

4 فارورڈنگ لیٹر پر ایڈمیشن لسٹوں کے صفحات کی تعداد، امیدواران کی تعداد اور چالان اکاؤنٹ/فیس کی تفصیل درج ہوگی۔

5 متعلقہ ادارہ چالان، ہمراہ داخلہ لسٹ جس پر متعلقہ امیدواران کے دستخط اور نشان انگوٹھا ثبت ہوں گے۔ بورڈ ہذا کو شیڈول کے مطابق جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

6 تمام داخلہ لسٹیں شیڈول کے مطابق بورڈ ہذا میں جمع ہونا ضروری ہیں۔ جو لسٹ بورڈ ہذ میں جمع نہیں ہوگی۔ اس میں موجود امیدواران امتحان نہیں دے سکیں گے۔ جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

دیگر شرائط

a پرائیوٹ امیدواران داخلہ فارم پر اپنی رہائش گاہ کا ڈاک کا پتہ تحریر کریں کسی کی معرفت، دوکان، اکیڈمی، پرائیوٹ ادارہ وغیرہ کا پتہ قابل قبول نہ ہوگا۔

b **سربراہان ادارہ جات Exam List/ پرائیوٹ امیدواران داخلہ فارم کی مصدقہ ہارڈ کاپی (مع اصل بینک ڈیپازٹ سلپ چالان فارم) مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں لازماً پہنچائیں۔ بصورت دیگر محض آن لائن داخلہ منسوخ تصور ہوگا۔**

دستخط/-

سیکرٹری

نمبر: 113 /ایم مورخہ: 19-9-2026

نقل برائے اطلاع:

1) ڈائریکٹر آف کالجز سرگودھا ڈویژن سرگودھا

2) سرگودھا بورڈ کی حدود میں واقع جملہ تسلیم شدہ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولوں کے سربراہان۔

3) ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، سرگودھا برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات۔

4) Asso Press of Pak (APP) Sargodha

5) پی ایس ٹو چیئرمین 6) پی اے ٹو سیکرٹری 7) پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات

8) جملہ برانچ افسران، بورڈ ہذا۔ 9) ویب سائیٹ مینیجر۔

19/9/26

اسسٹنٹ سیکرٹری (جنرل)

برائے سیکرٹری